Note: This Fatawa regarding DECEASED PERSON DIED DUE TO CORONA VIRUS OR OTHER PANDEMICS has been issued by Pakistan's Most Reputable Fatwa Centre (Darul Ifta), Jamia Banuri Town, Karachi Pakistan. Original Urdu Fatawa is attached at the end.

English translation and publication by: Mufti Yousuf Abdul Razzaq and Mufti Syed Fazal ur Rahim.

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

FATWA REGARDING DECEASED PERSON DIED DUE TO CORONA VIRUS OR OTHER PANDEMICS

Every religion and civilized law conferred rights upon mankind. Islam being the code of life has a vast radius of granting rights to the humans. obviously, humans are considered to have their rights that start from birth, end on death. Islam is proactive in this regard; it confers rights upon a child even before his creation in the mother's womb which last even after his death.

Amongst these rights are the ritual washing, coffin, funeral prayer and burial of a cadaver. These four rights have not only been granted by the Shariah, but also endorsed and proclaimed by the constitution of Pakistan. For example, the constitution of Pakistan under the article 41, ensures the human dignity, under the article 20, permits every human to follow and practice his religion and under the article 31, holds the government responsible for providing such an atmosphere in which Muslim can live their lives according to Quran and Sunnah. Apart from the local constitution, the UN charter on fundamental human rights also ratifies these rights.

Ritual Washing, Shrouding, Funeral Prayer and Burial of Deceased Persons Died due to Corona Virus

Muslims who died due to corona virus have the following rights upon their fellow Muslims.

1. **Sunnah Compliant Ritual Washing of Cadaver**
   - It is the obligation (Farz ul Kifayah) upon the fellow Muslims to perform the ritual washing of cadaver died due to corona virus, like they ritually wash the other cadavers. Tayammum and Mash are not permissible.
   - Tahir disinfectant can be added to the water used for ritual washing.
   - Close relatives are more entitled to perform the ritual washing than the others.
   - In a situation where it is not possible for the close relatives or the other fellow Muslims to perform the ritual washing of cadaver, it becomes the responsibility of the government to perform the ritual washing; otherwise the onus of the sin would lie on the shoulders of the government.
   - The expert opinion shall be followed if the medical experts declare PPEs essential for a person that gives bath to the body. State shall provide such personal protective equipment if not accessible for the people.

2. **Sunnah Compliant Shrouding**

- After performing ritual washing of the cadaver, shrouding is an obligation (Farz ul Kifayah). If the body is buried without shrouding the people knowingly did it would be responsible for this act of sin.
- Sunnah compliant shrouding comprises three linens for male and five for female.
- It would be sufficient if male is shrouded with two linens (IZAR and LIFAFAH) and female with three linens (KHIMAR, IZAR and LIFAFAH).
- After the Sunnah compliant coffin, it is allowed for the cadaver from the Shariah perspective to be shrouded in polythene bag.

3. Funeral Prayer

- It is the obligation (Farz ul Kifayah) of the fellow Muslims to offer the funeral prayer over the Muslim deceased person. If the cadaver is buried without funeral prayer the fellow Muslims knowingly did it would be held responsible for this sin.
- For the validation of the funeral prayer it is a condition that the body of a deceased person shall be kept in the front of prayer leader. There shall be no restriction between the cadaver and the prayer leader.
- There shall not be a gap exceeding two lines between the body and the prayer leader. World Health Organization in its directives (issued on March 24, 2020) has already stated that there is no proof of infection yet from the dead body died due to corona virus.
- It is allowed for the Muslims to have distance from their right and left sides during the funeral prayer. In such case the funeral prayer would be considered to be offered with Karahat.

4. Burial of the Cadaver

- Burial of a cadaver is an obligation (Farz ul Kifayah). If the body is not buried, the Muslims who know this would bear the sin.
- The cadaver should be placed on the brink of the grave towards the Qiblah in such a manner that the Qiblah should be on the right side of the body, then the people putting the body in the grave should face the Qiblah and put the body in the grave carefully.
- Rather than burial, Cremation of the body due to pandemics is strictly prohibited and Haraam
- During the burial, the expert views should be followed with in the radius of Shariah.

And Allah knows the best

MuftiYark

DAR-UL-IFTA
Jamia-Uloom-Islamiyyah
(University of Islamic Sciences)
Allama Muhammad Yousuf Banuri Town
Karachi- Pakistan.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دار الافتاء
جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن
کراتشی ۵ پاکستان

Ref. ____________

Date. ١١/٨/١٤٤١ھ
٥/٤/٢٠٢٠ء

کروناوائرس وغیرہ کی وجہ سے جاں بحق افراد کے لیے غسل، تکفین، جنازہ اور تدفین کا حکم

ہر مذہب اور شائستہ قانون انسان کو حقوق دیتا ہے، مگر اسلام کی خاصیت یہ ہے کہ اس نے انسان کو جو حقوق عطا کیے ہیں ان کا دائرہ بہت وسیع ہے، چنانچہ عام طور پر انسان کی پیدائش سے اس کے حقوق کا آغاز ہوتا ہے اور موت پر اس کے حقوق ختم سمجھے جاتے ہیں، مگر اسلام میں بچہ جب شکمِ مادر میں ہوتا ہے، بلکہ عملِ تخلیق سے بھی پہلے اس کے حقوق کا آغاز ہو جاتا ہے اور وفات کے بعد بھی اس کے حقوق کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔

ان حقوق میں سے غسل، کفن، جنازہ اور دفن، یہ چاروں حقوق جس طرح شریعت کے عطا کردہ ہیں، اسی طرح آئینِ پاکستان بھی ان کو تحفظ فراہم کرتا ہے، مثلاً: آئینِ پاکستان کے تحت شرفِ انسانی قابلِ حرمت ہے (دفعہ ۱۴)، ہر انسان کو اپنے مذہب کی پیروی اور اس پر عمل کرنے کی اجازت ہے (دفعہ ۲۰)، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسا ماحول فراہم کرے کہ مسلمان قرآن وسنت کے مطابق اپنی زندگی بسر کرسکیں (دفعہ ۳۱)، ملکی دستور کے علاوہ اقوامِ متحدہ کا انسانی حقوق سے متعلق عالمی منشور بھی ان حقوق کی تائید کرتا ہے۔

کروناوائرس وغیرہ کی وجہ سے جاں بحق افراد کے لیے غسل، تکفین، جنازہ اور تدفین کا حکم:

جو مسلمان کروناوائرس وغیرہ سے ہی جاں بحق ہو جائیں ان کے بارے میں مسلمانوں پر درج ذیل ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں:

1۔ میت کو سنت طریقے کے مطابق غسل دینا:

- دیگر اموات کی طرح اس میت کو بھی پانی سے سنت طریقے کے مطابق غسل دینا عام مسلمانوں کے ذمہ فرض کفایہ ہے، مسح اور تیمم کرانا جائز نہیں۔
- غسل کے پانی میں جراثیم کُش پاک ادویات کو بھی ملایا جاسکتا ہے۔
- میت کا قریبی رشتہ دار اسے غسل دینے کا زیادہ حق دار ہے۔
- اگر کسی وجہ سے میت کے قریبی رشتہ دار یا عام مسلمانوں کو اس بات کی اجازت نہیں دی جاتی کہ وہ میت کو غسل دیں تو میت کو پانی سے غسل دینا حکومتِ وقت کی ذمہ داری ہے، اگر خدانخواستہ وہ اس ذمہ داری کو پورا نہیں کرتی تو گناہ گار ہوگی۔
- اگر طبی ماہرین ایسے مریض کو غسل دینے کے لیے کسی مخصوص قسم کے لباس پہننے کو ضروری قرار دیتے ہوں تو تدبیر کے طور پر اس کا اہتمام کرنا چاہیے، اگر عوام اس کا انتظام نہیں کرسکتی تو ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ اشیاء فراہم کرے۔

دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ علامہ بنوری ٹاؤن کراتشی پاکستان

P.O. Box 3465 Karachi Code No. 74800 Karachi, Pakistan. Phone: (0092-21)-34913570 - 34123366 - 34925352 - 34918314
Fax: (0092-21)-34914531 URL: www.banuri.edu.pk Email: darulifta@banuri.edu.pk

DAR-UL-IFTA
Jamia-Uloom-Islamiyyah
(University of Islamic Sciences)
Allama Muhammad Yousuf Banuri Town
Karachi- Pakistan.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دار الافتاء
جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن
کراتشی ۵ پاکستان

Ref.____________

Date. ۱۱/۸/۱۴۴۱ھ
۵/۴/۲۰۲۰ء

2۔ میت کو مسنون کفن دینا:

- میت کو غسل دینے کے بعد کفن دینا فرض کفایہ ہے، اگر میت کو کفن دیے بغیر دفن کردیا تو جن مسلمانوں کو معلوم تھا اور انہوں نے میت کو کفن نہیں پہنایا وہ سب گناہ گار ہوں گے۔
- مرد کا مسنون کفن تین کپڑوں پر اور عورت کا مسنون کفن پانچ کپڑوں پر مشتمل ہوتا ہے۔
- اگر مرد کو دو کپڑوں (ازار اور لفافہ) اور عورت کو تین کپڑوں (خمار، ازار اور لفافہ) میں کفن دیا جائے تب بھی کافی ہے۔
- مسنون کفن کے بعد اگر میت کو احتیاطی تدبیر کے طور پر پاک پلاسٹک وغیرہ میں لپیٹا جائے تو شرعاً کوئی حرج نہیں۔

3۔ میت کی نماز جنازہ ادا کرنا:

- مسلمان میت کی نماز جنازہ پڑھنا مسلمانوں پر فرض کفایہ ہے، اگر میت کو نماز جنازہ پڑھے بغیر دفن کردیا تو جن مسلمانوں کو معلوم تھا اور انہوں نے نماز جنازہ نہیں پڑھی وہ سب گناہ گار ہوں گے۔
- جنازہ کی نماز صحیح ہونے کے لیے میت کا امام کے سامنے موجود ہونا شرط ہے، اس لیے جنازہ پڑھتے وقت میت کو امام کے سامنے رکھا جائے، امام اور جنازے کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔
- امام اور جنازہ کے درمیان دو صف سے زیادہ فاصلہ نہ ہو۔ (عالمی ادارہ صحت (WHO) کی ہدایات (جاری کردہ 24 مارچ 2020ء) کے مطابق بھی کرونا وائرس کی وجہ سے فوت شدہ شخص سے مرض کے متعدی ہونے کا ثبوت نہیں ملتا)۔
- اگر نمازِ جنازہ کے دوران مقتدی ایک دوسرے کے دائیں بائیں فاصلے سے کھڑے ہوں تو نماز کراہت کے ساتھ ادا ہو جائے گی۔

4۔ میت کی تدفین کرنا:

- میت کو دفن کرنا فرض کفایہ ہے، اگر کسی نے بھی میت کو نہیں دفنایا تو جن مسلمانوں کو معلوم تھا وہ سب گناہ گار ہوں گے۔
- جنازے کو قبلہ کی جانب قبر کے کنارے پر اس طرح رکھیں کہ قبلہ میت کے دائیں طرف ہو، پھر اتارنے والے قبلہ رو کھڑے ہو کر میت کو احتیاط سے اٹھا کر قبر میں رکھ دیں۔
- میت کو وبائی امراض کی وجہ سے بھی دفنانے کے بجائے جلانا، ناجائز اور حرام ہے۔
- تدفین کے دوران شریعت کی حدود میں رہتے ہوئے طبی ماہرین کی جانب سے بتائی گئی احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں، فقط واللہ اعلم

مفتی محمد انعام الحق قاسمی	مفتی محمد عبد القادر	مفتی محمد داؤد
محمد انعام الحق	محمد عبد القادر	محمد داؤد
۱۱/۸/۱۴۴۱ھ	۱۱/۸/۱۴۴۱ھ	۱۱/۸/۱۴۴۱ھ

دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ علامہ بنوری ٹاؤن کراتشی ۵ پاکستان

P.O.Box:3465 Karachi code No. 74800 Karachi, Pakistan. Phone: (0092-21)-34913570 - 34123366 - 34925352 - 34913373
Fax: (0092-21)-34919531 URL: www.banuri.edu.pk Email: darulifta@banuri.edu.pk